128479-چھوٹے بچے کو گھر میں اکیلے چھوڑا تو اوون اس پر گرنے سے فوت ہو گیا۔

سوال

میرا ایک 5 سالہ بیٹا تھا، ایک دن وہ اپنی والدہ کے ہمراہ ہمسایوں کے پاس تھا، تو اس کی والدہ نے اسے میرے پاس چھوڑ دیا، پھر میں اپنے کام سے چلا گیا اور بچے کی والدہ کو بتلا دیا کہ بیٹا گھر میں اکیلا ہے، تو میرا بیٹا بریڈ اٹھانے کے لیے اوون کے پاس گیا تو اوون اسی پر گر گیا جس کی وجہ سے اس کی موت واقع ہو گئی، تو کیا اب مجھ پر اور اس کی والدہ پر روزے وغیرہ کی شکل میں کفارہ لازم ہو گا؟

پسندیدہ جواب

"ہمیں امید ہے کہ آپ دونوں پر کچھ نہیں ہو گا؛ کیونکہ اس طرح کے واقعات عموماً رونما ہوتے رہتے ہیں اور اسے کوتاہی نہیں کہا جاتا، کاشتکاروں اور مزارعین وغیرہ کے ساتھ ایسا ہوتا رہتا ہے کہ بچہ چھپڑ میں نہانے جاتا ہے اور اس میں ڈوب کر فوت ہو جاتا ہے، تو ایسی صورتیں پیدا ہوتی رہتی ہیں ان سے بچاؤ بھی ممکن نہیں ہے۔ ان شاء اللہ، اللہ تعالی اسے معاف فرمائے گا۔" ختم شد

"مجموع فتاوی ابن باز" (22/369)